SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XVI مجریہ ۱۹۷۸

SINDH ORDINANCE NO.XVI OF 1978

سندھ کان کنی پر دی گئی رعایتیں (منسوخی) آرڈیننس، ۱۹۷۸

THE SINDH MINING CONCESSIONS (CANCELATION) ORDINANCE, 1978

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ کان کنی پر دی گئی رعایتیں منسوخ کرنے کا اختیار

Power to cancel mining concessions

۴۔ معاوضے کی ادائیگی

Payment of compensation

۵۔ قواعد

سندھ آرڈیننس نمبرXVI مجریہ ۱۹۷۸

SINDH ORDINANCE NO.XVI OF 1978

سندھ کان کنی پر دی گئی رعایتیں (منسوخی) آرڈیننس، ۱۹۷۸

THE SINDH MINING CONCESSIONS (CANCELATION) ORDINANCE, 1978

[۵نومبر ۱۹۷۸]

آرڈیننس جس کے توسط سے کان کنی میں غیر قانونی یا سیاسی طور پر دی گئی رعایتوں کو ختم کیا جائے گا۔

تمہید(Preamble)

جیسا کہ کان کنی میں غیر قانونی یا سیاسی طور پر دی گئی رعایتوں کو ختم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گا؛

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان کے تحت، لاز (کنٹی نیوئنس ان فورس) آرڈر، ۱۹۷۷ کے روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل

مختصر عنوان اور شروعات

آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

Short Title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ کان کنی پر دی گئی رعایتیں (منسوخی) آرڈیننس، ۱۹۷۸ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

تعریف

Definitions

۲۔اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "ثالث" معنی وہ شخص جس نے ڈسٹرکٹ جج کے طور پر کام کیا ہو یا کام کر رہا ہو۔

(b) "حکومت" معنی سندھ حکومت

(c) "نقصان" معنٰی ہیں کسی وہ نقصان بناوٹ یا تنصیبات کو ختم یا ہٹانے کی صورت میں ہوا ہو گا، جو کہ کان کنی میں ملی ہوئی رعایت کے مکمل مدت تک برقرار رکھنا رکھنے میں ہوا ہو، یا دوسری رقم جیسا کہ لیز منی، جس کی پیشگی ادائگی کی گئی ہو۔

(d) "کان کنی میں رعایت" میں شامل ہے لیز یا لائسنس۔

کان کنی پر دی گئی رعایتیں منسوخ کرنے کا اختیار

Power to cancel mining concessions

۳۔ (۱) حکومت کسی قانون، قاعدے یا معاہدے کے برخلاف نہیں ہے تو حکومت کسی بھی مائننگ کی رعایت کو، جو کہ اس کے مطابق (پہلی جنوری ۱۹۷۲ سے ۴ جولائی ۱۹۷۷ کے درمیاں) کسی سیاسی مفاد یا کسی قانون کی خلاف ورزی کے نتیجے میں کیا گیا ہو، منسوخ کر سکتی ہے۔

(۲)جب بھی حکومت ذیلی دفعہ (۱) کے تحت کسی کان کنی کی رعایت میں دی گئی کو منسوخ کرے گی جو حکومت اس سلسلے میں کئے گئے ثالث سے

رجوع کرے گی۔

(۳)اس منسوخی کے نتیجے میں متاثر ہونے والے شخص کے لیئے معاوضے کا تعین ثالث کرے گا۔ جو بھی معاوضہ ہونے والے نقصان کے حوالے سے مناسب تصور کیا جائے گا۔

(۴)ثالث، معاوضے کے تعین کے لیئے چاہے تو کوئی انکوائری کروا سکتا ہے۔ اس کے جاری کیئے گئے حکم کو حتمی تصور کیا جائے گا۔

(۵)انکوائری کے سلسلے میں، ذیلی دفعہ (۴) کے تحت ثالث کے پاس سول کورٹ کے اختیارات ہوں گے، جو کہ سول پروسیجر کوڈ ۱۹۰۸ کے تحت مندرجہ ذیل کیسز چلانے کا اختیار ہوگا اور یہ ان معاملات میں استعمال کیئے جا سکیں گے۔

(a) کسی شخص کو طلب کرنے اور حلف لینے کے معاملے میں
(b) دستاویزات حاصل کرنے اور پیش کرنے پر طلبی

معاوضے کی ادائیگی
Payment of compensation

۴۔ ثالث کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے حکومت معاوضہ ۹۰ دنوں میں ادا کرنے کی پابند ہوگی۔

قواعد
Rules

رعایت(Concession) کی منسوخی کے بعد حکومت کسی بھی وقت اس مائننگ کی رعایت کے علاقے کا قبضہ دوبارہ لے سکتی ہے۔

۵۔ حکومت اس آرڈیننس کے مقاصد کے تعمیل کے سلسلے میں رولز بنا سکتی ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔